پریس ریلیز

گوجرانوالہ 22 نومبر 2023ء

پاکستان میں تعینات الجیریا کے سفیر براہیم رومانی نے کہا کہ گوجرانوالہ کے کاروباری افراد الجیریا میں سرمایہ کاری کریں غیر ملکی سرمایہ کاروں کیلئے الجیریا حکومت ٹیکسز، کسٹم ڈیوٹیز میں پہلے 2 سال کیلئے چھوٹ دے گی بعدازاں اس دورانیہ کو بڑھا کر 10 سال تک کیلئے کیا جائے گا۔ الجیریا گیس کی پیداوار میں دنیا میں دوسرے جبکہ آئل کی پیداوار میں تیسرے نمبر پر آتا ہے۔ الجیریا افریقی ممالک کا گیٹ وے ہے جہاں سے افریقی ممالک کی منڈیوں تک با آسانی رسائی حاصل کی جاسکتی ہے۔ اس کے علاوہ الجیریا کا روڈ نیٹ ورک اور ریلوے سروسز دنیا کی بہترین سروسز میں سے دوسرے نمبر پر آتی ہیں۔ نئے کاروبار شروع کرنے کیلئے 2023ء میں قانون میں ترمیم کی گئی ہے جس کے مطابق فارن اور نیشنل انوسٹرز کو خصوصی رعایت دی جائے گی۔ پاکستان اور الجیریا میں معلومات کا تبادلہ کر کے تجارت کو فروغ دینے کی ضرورت ہے اس سلسلہ میں دنوں ممالک کے چیمبرز بہترین کردار ادا کر سکتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں اراکین سے خطاب کے دوران کیا۔ جبکہ اجلاس کی صدارت چیمبر کے صدر شیخ فیصل ایوب نے کی۔ اس موقع پر نائب صدر عادل ندیم، اراکین مجلس عاملہ، سابق صدر اخلاق احمد بٹ، سابق سینئر نائب صدر سرفراز احمد صدیقی، سابق نائب صدر شیخ قیصر امین کے علاوہ بزنس کمیونٹی کی کثیر تعداد بھی موجود تھی۔

الجیرین سفیر براہیم رومانی نے بتایا کہ کاروباری افراد کیلئے 2023ء میں ویزہ پالیسی کو نہایت آسان بنا دی ہے حقیقی کاروباری افراد کو صرف ایک گھنٹے میں ویزہ جاری کیا جائے گا۔ ایک وزٹ کے بعد ایمبیسی اسے سال کا ملٹی پل ویزہ بھی جاری کریگی۔ قبل صدر چیمبر شیخ فیصل ایوب نے سپاسنامہ پیش کرتے ہوئے گوجرانوالہ کی صنعتی اہمیت پر تفصیلی روشنی ڈالی اور گوجرانوالہ میں تیار ہونیوالی مصنوعات کے متعلق آگاہ کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایمبیسی گوجرانوالہ کی بزنس کمیونٹی کو الجیریا میں سرمایہ کاری کے متعلق آگاہی فراہم کرے۔ اس کے علاوہ دونوں ممالک میں تجارتی وفود کا تبادلہ، وقت کی اشد ضرورت ہے آنیوالے وقت میں گوجرانوالہ چیمبر ایک تجارتی وفد الجیریا لیکر جائے گا کہ دونوں ممالک کے کاروباری لوگ معلومات کا تبادلہ کر سکیں اور ایکسپورٹ کو بڑھا سکیں۔ بعدازاں شرکاء نے مختلف سوالات کئے جن کا الجیریا کے سفیر نے فرداً فرداً تفصیلی جواب دیا۔